Maulana Azad National Urdu University

Ph.D. (Urdu) Coursework I Semester Examination, December 2023

PHUR101CCT : Research Methodology

پرچہ : تحقیق کے طریقۂ کار

Time : 3 hrs **Marks: 70**

ہدایات:

یہ پرچہ سوالات تین حصوں پر مشتمل ہے: حصہ اول، حصہ دوم، حصہ سوم۔ ہر جواب کے لئے لفظوں کی تعداد اشارۃً ہے۔ تمام حصوں سے سوالوں کا جواب دینا لازمی ہے۔

1. حصہ اول میں 10 لازمی سوالات ہیں جو کہ معروضی سوالات/ خالی جگہ پُر کرنا/مختصر جواب والے سوالات ہیں۔ ہر سوال کا جواب لازمی ہے۔ ہر سوال کے لیے 1 نمبر مختص ہے۔ **(10 x 1 = 10 Marks)**
2. حصہ دوم میں آٹھ سوالات ہیں۔اس میں سے طالب علم کو کوئی پانچ سوالوں کے جواب دینے ہیں۔ ہر سوال کا جواب تقریباً دوسو (200) لفظوں پر مشتمل ہے۔ ہر سوال کے لیے 6 نمبرات مختص ہیں۔ **(5 x 6 = 30 Marks)**
3. حصہ سوم میں پانچ سوالات ہیں۔اس میں سے طالب علم کو کوئی تین سوالوں کے جواب دینے ہیں۔ ہر سوال کا جواب تقریباً پانچ سو(500) لفظوں پر مشتمل ہے۔ ہر سوال کے لیے10 نمبرات مختص ہیں۔ **(3 x 10 = 30 Marks)**

حصہ اول

سوال نمبر : 1

(i) اردو تحقیق کا معلم اول کسے کہا جاتا ہے؟

a) خلیق انجم b) امتیاز علی خاں عرشی c) حافظ محمود خاں شیرانی d) گیان چند جین

(ii) ''اصول تحقیق وترتیبِ متن'' کے مصنف کون ہیں؟

a) رشید حسن خاں b) خلیق انجم c) جمیل جالبی d) تنویر احمد علوی

(iii) ''ادبی تحقیق۔مسائل اور تجزیہ'' کس کی کتاب ہے؟

a) رشید حسن خاں b) عبدالرزاق قریشی c) مالک رام d) ش اختر

(iv) ''کسی ادیب کی زندگی کے اہم واقعات اور تصانیف کو سن اور تاریخ وار درج کرنا'' تحقیق کی اصطلاح میں کیا کہلاتا ہے؟

a) تصحیف b) توقیت c) تحریف d) توقیف

(v) الحاقی کلام کسے کہتے ہیں؟

a) کسی شاعر کے کلام میں دوسرے کا کلام شامل ہو جانا b) کسی شاعر کے کلام میں غلطیوں کا در آنا

c) کلام میں کچھ حصہ چھوٹ جانا d) کلام میں اصلاح

(vi) اردو تحقیق کا معلم ثانی کسے کہا جاتا ہے؟

a) مولوی عبدالحق b) امتیاز علی عرشی c) عبدالستار صدیقی d) قاضی عبدالودود

(vii) دیوان غالب کے نسخۂ حمیدیہ کے مدون کون ہیں؟

a) قاضی عبدالودود b) امتیاز علی خاں عرشی c) مولوی عبدالحق d) رشید حسن خاں

(viii) ''ادبی تحقیق'' کے مصنف کون ہیں؟

a) جمیل جالبی b) قاضی عبدالودود c) عبدالرزاق قریشی d) مولوی عبدالحق

P.T.O

(ix) کس محقق نے دکنی مخطوطات کی تلاش وتدوین کا کام بڑے پیمانے پر کیا؟

a) محی الدین قادری زور b) عبدالقادر سروری c) مولوی عبدالحق d) شمس اللہ قادری

(x) 'ایم ایل اے اسٹائل شیٹ سب سے پہلے کس نے تیار کیا اور پبلی کیشن آف ماڈرن لینگو یج اسوسی ایشن کے رسالے میں شائع کیا؟

a) مارشل جے براؤن b) جوزف جبالڈی c) ولیم رلے پارکر d) جوئل ڈی گولڈ فیلڈ

حصہ دوم

2۔ تحقیق کی تعریف کیجیے اور اس کی اہمیت وافادیت اجاگر کیجیے۔

3۔ سندی تحقیق کے مختلف مراحل سے اپنی واقفیت کا اظہار کیجیے۔

4۔ محقق میں کن خوبیوں کا ہونا ضروری ہے؟

5۔ تحقیقی مقالے کی تسوید وتبییض کے طریقۂ کار پر روشنی ڈالیے۔

6۔ تحقیقی مقالے کا خاکہ تیار کرتے وقت کن باتوں کا خیال رکھنا ضروری ہے؟

7۔ مواد کی فراہمی کے مختلف ذرائع کیا ہیں؟

8۔ وادکی جانچ پرکھ کے دوران کن باتوں کا خیال رکھنا ضروری ہے؟

9۔ سرسید احمد خاں کی تحقیقی خدمات پر روشنی ڈالیے۔

حصہ سوم

10۔ اردو میں تحقیق کے آغاز وارتقا کا تفصیلی جائزہ لیجیے۔

11۔ تحقیق اور تنقید کے باہمی رشتوں کی وضاحت کیجیے۔

12۔ اردو تحقیق کی تاریخ میں امتیاز علی خاں عرشی کے مقام ومرتبہ کا تعین کیجیے۔

13۔ مولوی عبدالحق کی تحقیقی خدمات پر جامع نوٹ لکھیے۔

14۔ اخلاقیاتِ تحقیق سے کیا مراد ہے؟ معیاری تحقیق کے لیے اس ضمن میں کن باتوں کا خیال رکھنا ضروری ہے؟

☆☆☆